

یعنی دیانند سرسوتی جی کی بہترین تصنیف

رگوید آدی بھاشیہ بھومکا

کا مستند اردو ترجمہ

[illegible] چوہدری [illegible] الٰہی [illegible]

[illegible] آریہ [illegible]

تمہید تفسیر رگوید وغیرہ

مترجمہ

کشن آرڈ پلیک



ملنے کا پتہ آریہ سبھا پستکالیہ دہلی

آریہ پستکالیہ سرسوتی آشرم لاہور

بار اول

کرم کانڈ کے سب سے عرشی حصّے میں ایشور بھی شامل ہوتا ہے کیونکہ وہاں اس کے وصال کے لئے دعا مانگی جاتی ہے۔ اور جس قدر حصّہ کرم کانڈ کا عرش پرستی پر مبنی ہے۔ اس میں مختلف دنیاوی بھوگوں کی تمناؤں کے لئے پرمیشور سے دعا مانگی جاتی ہے۔ بس یہی ان میں فرق ہے۔ مگر واضح رہے کہ ایشور کا تعلق چھوڑ کر کوئی بھی کام نہیں ہوتا۔ یہی وید کا منشا ہے۔ چنانچہ حوالہ ذیل قابل غور ہے :-

माहाभाग्याद्देवताया एक आत्मा बहुधा स्तूयते, एकस्यात्मनोऽन्ये देवाः प्रत्यङ्गानि भवन्ति । कर्मजन्मान, आत्मजन्मान, आत्मैवैषां रथो भवत्यात्माऽश्वा, आत्मायुध-मात्मेषव, आत्मा सर्वं देवस्य देवस्य

(نرکت۔ ادھیائے ۷، کھنڈ ۴)

کارِ یگیہ میں کام آنے والے تمام دیوتاؤں میں سے آتما ہی افضل ترین دیوتا ہے۔ کیونکہ آتما ہی مہا بھاگ (قدرت کاملہ) وغیرہ صفات سے متصف ہے۔ اس کے مقابلے پر کوئی اور دیوتا کسی شمار قطار میں نہیں۔ کیونکہ تمام ویدوں میں ایک بے نظیر، غیر محتاج ہر جا حاضر ناظر آتما کی ہی عبادت کرنے کی ہر کہیں ہدایت ہے۔ اس کے علاوہ جو دیوتا بیان کئے گئے یا آگے کئے جائیں گے۔ وہ سب اس ایک آتما (پرمیشور) کے ساتھ محض ایک انگ کی مانند ہیں کیونکہ وہ اس کی قدرت کے ایک ایک شعبہ کے مظہر ہیں۔ یعنی ان سے اس کی قدرت کا ایک ایک جزو ہی بالبداہت ظاہر ہوتا ہے۔ چونکہ وہ کرم سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے وہ کرم جنمان کہے جاتے ہیں۔ اور چونکہ آتما (پرمیشور) کی قدرت